Physical Education - FA Part 1 Physical Education Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. علم الصحت اور تعلیم جسمانی کا آپس میں تعلق مختصر بیان کریں.

Ans 1: علم الصحت اور تعلیم جسمانی دونوں انسانی کی فلاح و بہبود کی ضامن ہیں،دونوں علوم انسان کی جسمانی ذہنی ،روحانی سماجی ،جذباتی معازرتی نفسیاتی متوازن نشونما کرتے ہیں.

Q2. چارلس بچر کے مطابق تعلیم جسمانی کی تعریف کریں.

Ans 1: تعلیم جسمانی عام تعلیم کا اٹوٹ انگ ہے جس کا مقصد فرد کی جسمانی ،ذہنی سماجی جذباتی اور معاشرتی صلاحیتوں کو جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے پایہ تکمیل تک پہنچاتا ہے.

Q3. تعلیم جسمانی کا بڑا مقصد کردار کی تشکیل ہے بیان کریں.

Ans 1: تعلیم جسمانی کی منظم سرگرمیاں نوجوانوں میں قانون کا احترام ایثار قربانی ،دوستی فیاضی مخلصی ،فرمانبرداری اور قوت برداش جیسی خوبیاں پیدا کرتی ہے جو کردار سازی میں مددگار ثابت ہوتی ہیں.

Q4. روز الینڈ کسیڈی کے مطابق تعلیم جسمانی کی تعریف کریں.

Ans 1: روز الینڈ کسیڈی کےمطابق تعلیم جسمانی کی تعریف کچھ اس طرح ہے جسمانی تعلیم ان تبدیلیوں کا مجموعہ ہے جس کسی فرد واحد میں ان تجربات کی وجہ سے رونما ہوتی ہے جن کا محور حرکاتی سرگرمیاں ہیں.

Q5. علم الصحت کے دو مقاصد بیان کریں.

Ans 1: 1.صحت سے متعلق شعور پیدا کرنا .2 جسمانی نشونما اور شخصیت کی تکمیل.

Q6. تعلیم جسمانی ایک فرد کو کیسے معاشرتی طور پر بہتر کرتی ہے؟

Ans 1: جب اولمپک کھیلوں کا انعقاد ہوتا ہے تو دنیا کے متعدد ممالک کے کھلاڑیوں کو مل بیٹھنے اور کھیلنے کے مواقع میسر آتے ہیں جن سے کھلاڑی ایک دوسرے کی ثقافت،تہذیب رسومات اور عادات سے واقفیت حاصل کرتے ہیں.اس طرح میں معاشرتی و سماجی شعور جنم لیتا ہے

Q7. تعلیم جسمانی کے دو مقاصد بیان کریں.

Ans 1: 1.جسمانی سرگرمیوں سے جسم کا تمام نظام بہتر بنانا تاکہ وہ بہتر کارگردگی کا مظاہرہ کرے، .2 جسم اور ذہن کی متوازی نشونما سے شخصیت کا ارتقاء

Q8. علم صحت اور تعلیم جسمانی کا آپس میں تعلق بیان کریں.

Ans 1: علم الصحت اور تعلیم جسمانی دونوں انسان کی فلاغ و بہبود کے ضامن ہیں.دونوں علوم انسان کی جسمانی ذہنی روحانی سماجی ،جذباتی ،معاشرتی نفسیاتی اور جسنی متوازن نشونما کرتے ہیں.

Q9. تعلیم ادارے صحت مندانہ مقاصدحاصل کرنے میں اہم کردار ادا کر رہےہیں؟بیان کریں.

Ans 1: تعلیمی اداروں میں ہر سال باقاعدہ کھیلوں کا انعقاد کیا جاتا ہے.تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مقابلے کے لیے انعقاد کے لیے حکومت باقاعدہ فنڈز مہیا کرتی ہے.اس طرح تعلیمی اداررے صحت مندانہ مقاصد حاصل کرتے کرنے میں اہم کرداد ادا کر رہے ہیں.

Q10. حدیث کے حوالہ سے تعلیم جسمانی کی اہمیت واضح کریں.

Ans 1: ترجمہ : طاقت ور مومن کمزور مومن سے بڑھ کر ہے. ترجمہ تمہارے جسم کا تم پر حق ہے